جلد ۱۸ — نمبر ۴

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ شعبان المعظم ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

## فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | منظوری ٹھیکہ پان | ۱ |
| ۲ | پان خاصہ | ۱ و ۲ |
| ۳ | تقرر مرزا [illegible] حسین صاحب عہدہ تحصیلداری | ۲ |
| ۴ | رخصت حامد حسین [illegible] | ۴ |
| ۵ | اضافہ [illegible] علی خان [illegible] | ۵ |
| ۶ | عطائے اختیارات تحصیلدار صاحب [illegible] | ۶ |
| ۷ | اضافہ [illegible] خان [illegible] سررشتہ [illegible] | ؍؍ |
| ۸ | اضافہ [illegible] تحصیل [illegible] | ۲ و ۳ |
| ۹ | احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر | ۳ و ۴ |
| ۱۰ | رخصت حامد علی خان | ۴ |
| ۱۱ | اضافہ [illegible] میونسپلٹی | ؍؍ |
| ۱۲ | رخصت حامد رضا خان [illegible] میونسپلٹی | ۵ |


## احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

### منظوری ٹھیکہ پان

۲۳ دسمبر ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر مشعر منظوری ٹھیکہ پان خاصہ دوم فیصدی سات روپیہ پائی و پان تفریق فیصدی چار آنہ من ابتداء از نومبر ۱۹۲۸ء لغایت اکتوبر ۱۹۲۹ء بنام تلسی رام بشرائط سابقہ۔

### حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ پان خاصہ دوم و تفریق حسب شرائط سابقہ بہ نرخ خاصہ دوم [illegible] تفریقی [illegible] من ابتداء نومبر ۱۹۲۸ء لغایت اکتوبر ۱۹۲۹ء بنا بر یک سال بنام تلسی رام منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

بحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

نقل صدور ہے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۴ دسمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

### منظوری ٹھیکہ پان خاصہ

۲۵ دسمبر ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ پان مصارف خاصہ فیصدی ایک روپیہ بارہ آنہ بجائے [illegible] من ابتداء نومبر ۱۹۲۸ء لغایت

اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء وبشرائط سابقہ بنام تلسی رام بوجہ زائدی تلسی رام وبابو رام

حکم

ٹھیکہ پان معاف خاص بجائے ۲ فیصدی ایک روپیہ بارہ آنہ بنام تلسی رام من ابتداء نومبر سنہ ۱۹۲۸ء لغایت اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء بموجب صراحت رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

بموجب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہوں ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## واقع ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

لفٹننٹ مرزا ذاکر حسین ایڈی سی کو امتحاناً تین ماہ کے واسطے تحصیلدار ٹانڈہ مقرر کیا جاتا ہے ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاوینگے۔ بعد انقضائے مدت صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر انکے کام کی بابت رپورٹ کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجراء احکام صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

## احکام اجلاس صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

### رخصت

۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک معہ مصدقہ صاحب اسسٹنٹ جنرل بندوبست دربارہ منظوری رخصت بلا سید عابد حسین گرداور قانونگو بیگم ملک بوجہ علالت بعوض ٹھولال پٹواری حلقہ ہرداس پور بطلب جملہ [illegible] از تنخواہ گرداور مذکور من ابتداء ۲۰ جنوری سنہ حال وسیاہہ سرکار کی جانب سے تنخواہ گرداور مذکورہ منظوری تقرر بطور عوض بجائے ٹھولال پٹواری سے عبدالوہاب خان سندیافتہ مدرسہ پٹواریان از تاریخ ۲۰ جنوری سنہ حال

حکم

باتفاق رپورٹ تحصیلدار صاحب رخصت عابد حسین گرداور بچارجی ٹھولال و تقرر عبدالوہاب کی منظوری دیجاتی ہے۔ رپورٹ تحصیل کے موافق احکام صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

### اضافہ

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی صفدر علیخان اہلمد شاہ آباد مامورہ صدر بلحاظ محنت و خوش اسلوبی و کمی تنخواہ از دیگر اہلمدان بالخصوص اہلمد ٹانڈہ۔

حکم

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ صفدر علیخان اہلمد صدر کی موجودہ تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

### اختیارات

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مرزا ذاکر حسین صاحب کا تقرر بعہدہ تحصیلداری ٹانڈہ امتحاناً تین ماہ کیواسطے منظور ہوا ہے لہذا انکو جملہ اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ اول و دوم مثل دیگر تحصیلدار صاحبان دئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور عرضداشت اطلاعی باجلاس ہمایوں مرسل ہو

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

### اضافہ

۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر صاحب جونیئر ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی محمد نبی خان اہلمد سرسری تحصیل ملک بسبب صفائی کام وہوشیاری و دیرینہ ملازمت و کمی تنخواہ۔

حکم

ملاحظہ ہوا۔ محمد نبی خان اہلمد سرسری تحصیل ملک کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب منیجر ریونیو سکریٹری بہادر

### اضافہ

۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک دربارہ اضافہ تنخواہ میاں جانخان محرر مال تحصیل ملک

تنخواہ دار سولہ روپیہ بوجہ محنت و ہوشیاری و عیالداری۔

حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب ملک میانجان خان محرر مال تحصیل ملک کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

# احکام اجلاس جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## توسیع

۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

ذوالفقار حسین عارضی کلرک ہائی اسکول کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء سے دو ماہ کی توسیع حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول منظور کیگئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## استعفا

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

شبیر احمد خان مدرس مدرسہ تمریا پرگنہ حضور تحصیل کا ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء سے استعفا منظور کیا گیا۔ اور بجائے نامبردہ مسمی حشمت علیخان مڈل پاس کا تقرر بمشاہرہ تیرہ (۱۳) روپیہ امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا لہذا۔

حکم ہوا کہ۔

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مثل تحریر صاحب ڈسٹرکٹ و سیشن جج بابت منظوری رخصت پندرہ یوم احمد علیخان نقل نویس [illegible]

حکم

پندرہ یوم کی رخصت ڈاکٹری سرٹیفکیٹ پر سائل کی منظور کیجاتی ہے۔ کارروائی انتظام صاحب جج ممدوح خود کرینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## توسیع

۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

مسمی امیر دولہ مدرس مدرسہ [illegible] پرگنہ حضور تحصیل کی میعاد ملازمت غیر مستقل میں ۱۹ فروری سنہ ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل سنہ ۱۹۲۹ء تک توسیع کیگئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## توسیع

۱۷ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

محمد حسن نائب مدرس مدرسہ [illegible] کی میعاد ملازمت غیر مستقل میں ۱۱ فروری سنہ ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل سنہ ۱۹۲۹ء تک توسیع کیگئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## تبادل

۷ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

موضع لوہا تحصیل ملک میں جو جدید مدرسہ جاری ہونیکی منظوری صادر ہو چکی ہے لہذا سید علی امیر مدرس مدرسہ احمد پور پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ دار گیارہ (۱۱) روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ لوہا تحصیل ملک میں کیا گیا۔ بجائے نامبردہ مسمی الطاف علیخان نائب مدرس مدرسہ تحصیل ملک تنخواہ دار پندرہ (۱۵) روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ احمد پور میں کیا گیا اور مدرسہ [illegible] بجائے الطاف علیخان نائب مدرس مسمی [illegible] خان ولد عبد الغفور [illegible] چہارم پاس ساکن [illegible] ضلع بدایون کا تقرر بمشاہرہ (۹) روپیہ امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا۔

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## برخاستگی

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

محمد احمد خان مدرس اول ملک کی شکایت میں محمد اسحاق نائب مدرس ملک نے بذریعہ درخواست [illegible] کی [illegible] تحصیلدار صاحب ملک کی معرفت کرائی گئی۔ آج کاغذات [illegible] سے یہ ثابت ہے کہ محمد احمد خان مدرس اول [illegible] نائب مدرس [illegible] کو ایک معمولی گفتگو و شنید پر گالیاں دیں اور جب محمد اسحاق نے [illegible] کیا تو وہ پھاڑ کر پھینک دیا۔ محمد احمد خان مدرس اول ملک کا [illegible] انگشش نمبر ا [illegible] سابق سے جھگڑا چلا ہے [illegible] ان کی شکایات بھی محمد احمد خان کی سختی اور غیر مہذب الفاظ استعمال کرنے کی تھیں۔ اس سے قبل محمد احمد خان مدرسہ [illegible] میں مدرس تھا وہاں سے بھی اسی بنا پر [illegible] تبدیل ہوا تھا۔ کہ ہیڈ ماسٹر صاحب مڈل اسکول کے احکام کی تعمیل نہیں کرتا تھا۔ اگرچہ تحصیلدار صاحب ملک نے

محمد احمد خان کے تبادلہ کی رپورٹ میں سفارش کی ہے لیکن یہ شخص مدرسی کے قابل نہیں ہے۔
قابل برخاستگی ہے۔ اسی وقت ایک درخواست مسمی رامچندر طالبعلم درجہ پنجم مدرسہ ملک نے
پیش کی اگرچہ اس درخواست کی تائید نہیں ہوتی مگر اس سے محمد احمد خان کی بدچلنی کا اشتباہ
ہوتا ہے۔ یہ وجہ بھی قابل لحاظ ہے لہذا محمد احمد مدرس اول ملک فوراً برخاست کیا گیا اور
محمد بخش مدرس اول مدرسہ بھوٹ بقال تحصیل سوار مدرسہ ملک میں بجائے محمد احمد خان
تبدیل کیا گیا۔ محمد بخش بدستور تیرہ روپیہ تنخواہ اور دو روپیہ مستقل الاؤنس اور تین روپیہ
غیر مستقل الاؤنس کل اٹھارہ روپیہ پائیگا۔ مدرسہ بھوٹ بقال میں بجائے محمد بخش مدرس اول
مسمی ایوب بیگ مڈل پاس کا تقرر بمشاہرہ تیرہ روپیہ انتہا تا برائے چلہ اہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ المرقوم ۱۶ر جنوری ۱۹۲۹ء

شرح دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# اضافہ

۱۹ر جنوری ۱۹۲۹ء

درخواست سید ریاض الحسن سب ڈپٹی انسپکٹر مدارس دربارہ اضافہ تنخواہ ملاحظہ ہوئی۔
چونکہ سب ڈپٹی انسپکٹر کو ہمیشہ دورہ میں رہنا ہوتا ہے اور دورہ کے مصارف سرکار سے نہیں
ملتے صرف دس روپیہ ماہوار الاؤنس سواری ملتا ہے لہذا اس الاؤنس میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ
کیا جاتا ہے۔ اور سب ڈپٹی انسپکٹری بھی ایک ایسی تنخواہ ہے جو ہیڈ ٹیچر کے عہدہ کیلئے تجویز کی گئی
حالانکہ اب ایک عرصہ سے وہ سب ڈپٹی انسپکٹر ہیں۔ لہذا سید ریاض الحسن سب ڈپٹی انسپکٹر
کی تنخواہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ آئندہ وہ پچیس روپیہ
ماہوار تنخواہ اور پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس پائینگے۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

شرح دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# روبکار اجلاس جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
# واقع ۱۹ر جنوری ۱۹۲۹ء

مرزا ذاکر حسین صاحب اجلاس ہمایون سے مستقل تحصیلدار ٹانڈہ مقرر ہوئے ہیں۔ لہذا انکو
فوجداری میں مجسٹریٹی درجہ سوم کے اور عدالت دیوانی میں عہدہ منصفی کے اختیارات عارضی دیے
جاتے ہیں اور سب رجسٹراری کا بھی کام حسب ضابطہ انجام دینگے۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور عرضداشت اطلاعی اجلاس ہمایون میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
## رخصت

۱۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت رعایتی بارہ یوم من ابتداء
۲۰ لغایت ۳۱ر جنوری ۱۹۲۹ء منشی حامد علیخان روزنامچہ نویس

حکم

حسب رائے جناب کنٹرولر صاحب رخصت بارہ یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

# روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
# واقع ۲۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

حامد رضا خان اہلمد میونسپلٹی متعینہ اجلاس ہذا محنتی اور ہوشیار اہلکار ہے میونسپلٹی
اور منشی خانہ جات کا جو کام متعلق ہے اور ایک ہی اہلمد ہے اسی طرح برجاسروپ اہلمد میونسپلٹی
علاوہ کار متعلقہ سیاہہ نویسی کا کام بھی کرتا ہے جو ذمہ داری کا ہے بیس بیس روپیہ ماہوار
تنخواہ ہر دو اہلمدان بہت کم ہے اسلئے تاریخ امروزہ سے مبلغ دو دو روپیہ ماہوار دونوں کی
تنخواہ میں اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صادر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

# حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
## رخصت

۲۲ر جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ اکاؤنٹنٹ میونسپلٹی دربارہ منظوری رخصت یکماہ حامد رضا خان اہلمد
میونسپلٹی بوجہ علالت من ابتدائے ۲۱ر جنوری ۱۹۲۹ء بذمہ داری برجاسروپ

حکم

حسب سفارش اکاؤنٹنٹ میونسپلٹی رخصت یکماہ از ۲۱ر جنوری ۱۹۲۹ء حامد رضا خان
اہلمد میونسپلٹی بوجہ علالت منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں کام کا ذمہ دار برجاسروپ
اہلمد میونسپلٹی رہیگا۔ درخواست ہذا بغرض اجرائے احکام صادر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۵ مطبوعہ ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتدائے ہفتہ سوم ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | دیگر تحصیلوں کا نقشہ نہیں آیا |
| نخود قلمی | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| نخود [illegible] | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| [illegible] | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| [illegible] | ۵ ار | | [illegible] | [illegible] | | | |
| [illegible] | ۴ ار | | [illegible] | ۰ | | | |
| مکئی | [illegible] | | [illegible] | ۰ | | | |
| [illegible] | [illegible] | | ۰ | ۰ | | | |
| [illegible] | ۰ | | ۰ | ۰ | | | |
| ماش | [illegible] | | ۰ | ۰ | | | |
| ارہر | [illegible] | | ۰ | ۰ | | | |
| برنج | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| روغن زرد | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| روغن سیاہ | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| روغن [illegible] | [illegible] | | [illegible] | ۰ | | | |
| نمک سانبھر | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| نمک لاہوری | [illegible] | | [illegible] | ۰ | | | |
| قند سیاہ | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |
| [illegible] | [illegible] | | [illegible] | [illegible] | | | |

# نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری دسمبر سنہ ۱۹۲۸ء

| نام تحصیل | تفصیل پیدائش: مرد | | عورت | | میزان | تفصیل مذہب | | تفصیل فوتی | | | | | | | | میزان | | تفصیل مذہب | | تفصیل امراض | | | | | | | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۸ |
| [illegible] | ۲۸ | ۶ | ۱۶ | ۳ | ۵۴ | ۴۴ | ۱۰ | ۹ | ۹ | ۱ | ۲ | ۱۴ | ۱۰ | ۲۶ | ۱۸ | ۳۰ | ۱۵ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۵ | ۰ | ۰ | ۰ | ۴۸ | |
| [illegible] | ۲۵ | ۳ | ۱۴ | ۲ | ۴۳ | ۳۹ | ۴ | ۱۲ | ۸ | ۰ | ۱ | ۱۵ | ۱۱ | ۳۰ | ۲۰ | ۴۱ | ۹ | ۰ | ۱ | ۰ | ۴۹ | ۰ | ۰ | ۰ | ۵۱ | |
| [illegible] | ۶ | ۱۱ | ۹ | ۱۲ | ۳۵ | ۱۳ | ۲۲ | ۵ | ۲ | ۰ | ۲ | ۵ | ۸ | ۱۰ | ۷ | ۹ | ۸ | ۰ | ۰ | ۱۹ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۹ | |
| [illegible] | ۱۳ | ۱۲ | ۶ | ۱۲ | ۴۴ | ۲۰ | ۲۴ | ۴ | ۳ | ۰ | ۰ | ۲۲ | ۹ | ۱۸ | ۱۲ | ۲۹ | ۱۱ | ۰ | ۰ | ۳۸ | ۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۴۰ | |
| [illegible] | ۱۹ | ۲۵ | ۱۴ | ۲۱ | ۶۵ | ۲۹ | ۳۲ | ۵ | ۱ | ۴ | ۳ | ۱۸ | ۹ | ۲۶ | ۱۰ | ۱۴ | ۱۴ | ۰ | ۰ | | ۳۸ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۶ | |
| [illegible] | ۱۱ | ۲۲ | ۰ | ۲۵ | ۴۲ | ۱۹ | ۲۶ | ۹ | ۶ | ۱ | ۱ | ۱۳ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۶ | ۱۴ | ۲۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۴۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۴۶ | |
| [illegible] | ۱۳ | ۴۲ | ۴ | ۶۰ | ۱۴۰ | ۱۰ | ۱۵۹ | ۱۸ | ۱۹ | ۱ | ۱ | ۳۳ | ۲۲ | ۵۲ | ۵۴ | ۱۹ | ۶۰ | ۰ | ۳ | ۰ | ۱۰۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۰۹ | |
| [illegible] | ۲۲ | ۱۴ | ۱۰ | ۸ | ۵۳ | ۳۲ | ۲۱ | ۱۴ | ۱۲ | ۰ | ۲ | ۲۴ | ۲۲ | ۴۹ | ۴۴ | ۹۳ | ۲۹ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹۲ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹۲ | |
| [illegible] | ۸ | ۲۴ | ۶ | ۱۵ | ۵۴ | ۱۵ | ۳۹ | ۴ | ۲ | ۱ | ۰ | ۱۰ | ۱۳ | ۱۵ | ۱۵ | ۱۰ | ۲۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۰ | |
| [illegible] | ۴۰ | ۲ | ۹ | ۴ | ۷۵ | ۶۵ | ۱۰ | ۸ | ۱۴ | ۷ | ۵ | ۱۸ | ۱۹ | ۳۶ | ۲۵ | ۴۲ | ۲۱ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۸ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۸ | |
| [illegible] | ۲۵ | ۱۳ | ۸ | ۰ | ۵۹ | ۳۳ | ۲۶ | ۲۳ | ۱۴ | ۳ | ۳ | ۳۱ | ۳۰ | ۶۶ | ۲۶ | ۱۹۸ | ۱۲۰ | | ۰ | ۰ | ۱۰۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۰۳ | |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | ۰ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | ۰ | — | ۰ | [illegible] | |